نسلی مساوات کو فروغ دینے کے لیے
موجودہ اورمجوزہ اقدامات

ریڈیو ٹیلی ویژن ہانگ کانگ

ریڈیو ٹیلی ویژن ہانگ کانگ (RTHK) ہانگ کانگ کی عوامی خدمات کا نشریاتی ادارہ ہے جو ریڈیو، ٹیلی ویژن (TV) اور نئی میڈیا خدمات مہیا کرتا ہے۔

متعلقہ خدمات

- RTHK، سماج، غیرسرکاری تنظیموں اور پسماندہ افراد کو نشریات میں حصہ لینے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرکے سماجی شمولیت کی نشریاتی خدمت (کمیونٹی انوالومنٹ براڈکاسٹینگ سروس) (CIBS) کی فراہمی کے ذریعہ اپنے ریڈیو کے نشریاتی وقت کا ایک حصہ وقف کررہا ہے۔

موجودہ اقدامات

- CIBS کے تحت، اہل افراد اور تنظیمیں، بشمول مختلف نسل کے لوگ، ریڈیو پروگرام تیار کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جو RTHK پر نشر کیے جائیں گے۔

- RTHK کامیاب درخواست دہندگان کے لیے CIBS کے تحت پروگرام تیار کرنے کے لیے مالی امداد فراہم کرتا ہے۔

- CIBS فی الحال ہر ہفتے 17 گھنٹے کے نئے پروگرام فراہم کرتا ہے۔ ان میں سے، کم از کم 5 گھنٹے نسلی اقلیتوں کے موضوع کے لیے مخصوص ہیں۔ اب تک، نشریاتی پروگراموں کی زبانوں میں کینٹونیز، پوتھونگؤا، انگریزی، افریقن، عربی، ہاکا، ہندی، جاپانی، کرناٹکا، کورین، نیپالی، پنجابی، سنسکرت، ہسپانوی، تگالوگ، تامل، تیلوگو، تھائی، اور اردو شامل ہیں۔

مستقبل کے کاموں کا جائزہ

- RTHK عوام کی CIBS پروگراموں کے بارے میں آگاہی اور شرکت کو فروغ دینے کے لیے CIBS کی تشہیر کو جاری رکھے گا۔ تشہیری کوششوں میں نسلی اقلیتوں کے اخبارات اور رسائل، سوشل میڈیا پلیٹ فارم، ریڈیو اور ٹی وی ٹریلر پر اشتہارات لگانا شامل ہیں جو مختلف نسل کے لوگوں کو ہدف بناتے ہیں۔ اس کےعلاوہ، RTHK،CIBS کے پروڈیوسروں اور باصلاحیت افراد کو مختلف تشہیری سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے مدعو کرتا رہے گا، جن میں مختلف نسل کے لوگ بھی شامل ہیں؛ اور ان لوگوں کے لیے مدد فراہم کرنا جو CIBS کے تحت پروگراموں میں درخواست دیتے ہیں یا تیار کرتے ہیں، پیشہ ور پروڈیوسروں کے ذریعہ مختلف پروگرام تیار کرنے کے لیے تربیتی ورکشاپس فراہم کرنا۔ مثال کے طور پر، ایک انٹرایکٹو ایونٹ " CIBS

EM براڈ کاسٹنگ ڈے" اکتوبر 2024 اور اپریل 2025 میں بلترتیب مختلف غیر سرکاری تنظیموں کی طرف سے خصوصی طور پر نسلی اقلیتوں کے لیے شروع کیا گیا۔

اضافی اقدامات جو کیے گئے/کیے جائیں گے	• RTHK ، CIBS کی ویب سائٹ کی تجدید اور اسے بہتر بنائے گا تاکہ عوام آسانی سے متعلقہ معلومات تک رسائی حاصل کر سکیں اور CIBS کی درخواستوں اور پروگراموں پر رائے دے سکیں۔ مثال کے طور پر، نومبر 2024 سے CIBS کی ویب سائٹ کو آٹھ نسلی اقلیتی زبانیں فراہم کرنے کے لیے بہتر بنایا گیا ہے۔ • RTHK کے کارکنان کا تربیت میں شرکت کا انتظام کیا جائے گا تاکہ وہ نسلی مساوات کے بارے میں اپنی آگاہی اور حساسیت کو بڑھا سکیں۔

نسلی مساوات کے فروغ کے موجودہ اور مجوزہ اقدامات کے بارے میں پوچھ گچھ کے لیے، براہ کرم رابطہ کریں -

نام : کوک ونگ-فائی (KWOK Wing-fai)

عہدہ: : سینئر ایگزیکٹو آفیسر (جنرل)

ٹیلیفون نمبر : 2339 6302

فیکس نمبر : : 2338 0279

ای میل: : kwokwf@rthk.hk

ڈاک کا پتہ: : 30 Broadcast Drive, Kowloon, Hong Kong

ریڈیو ٹیلی ویژن ہانگ کانگ
مئی 2025